**PRESS RELEASE**

For immediate release

February 24, 2022

## Entities from 'First Cohort' of SECP's Regulatory Sandbox complete testing

ISLAMABAD, February 24: Innovative business solutions, selected for live testing and experimentation in 'First Cohort' of SECP's Regulatory Sandbox, have successfully passed evaluation on the basis of mutually agreed test scenarios and expected outcomes.

The SECP, in its first cohort of Regulatory Sandbox, permitted six solutions for testing in a controlled environment subject to terms and condition. The tests were focused on achieving clarity whether such product/solution can operate in the existing regulatory frame work or amendment or an altogether new amended regulatory framework is required.

The selected participants tested solution for Digital Peer-to-Peer (P2P) Lending Platform, Mutual Fund Digital Distribution and Robo Advisory, Digital Equity Crowdfunding Platform, Digital Insurance Brokerage and Digital General Takaful Provider. During the six months testing phase, the participants were in constant liaison with SECP and shared impediments, whether regulatory or otherwise, to their testing.

The participant testing Digital Peer-to-Peer (P2P) Lending Platform received an encouraging response both from lenders and borrowers. SECP is in process of amending the NBFC Regulations to provide a comprehensive enabling framework for P2P Lending. Under the proposed framework, an existing licensed NBFC would be able to operate a P2P Lending Platform subject to the regulatory requirements and obtaining prior permission from the SECP.

Similarly, the tests also paved the way for a framework of Mutual Fund Digital Distribution and Robo Advisory. SECP issued guidelines encouraging use of FinTech for distribution and advisory purposes. Takeaways from testing also enabled SECP to develop Rules for micro and digital only insurer. Post public consultation these Rules are currently in the final stages of approval.

It is emphasized here that inclusion of a product/solution in the sandbox should not be construed to assume legitimacy for real life commercial operations without express written approvals from SECP by entity or company.

In the meanwhile, the shortlisted participants of Cohort II of the Regulatory Box have entered the testing phase. The testing period varies from six to nine month, depending on the solution being tested and timeline allowed to the participants. SECP will also be inviting applications for participation in Cohort III in the next eight weeks.

# ریگولیٹری سینڈ باکس کے پہلے مرحلے میں شامل سٹارٹ اپس کی کامیاب ٹیسٹنگ مکمل: ایس ای سی پی

اسلام آباد(فروری 24): سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے جدید ٹیکنالوجی کی بنیاد پر چلنے والے بزنس اور سٹارٹ اپز کی حوصلہ افزائی کے لئے شروع کئے گئے ریگولیٹری سینڈ باکس کے پہلے مرحلے میں شامل کمپنیوں کی چھ ماہ پر مشتمل ٹسٹنگ یعنی تجرباتی مرحلہ متعین شرائط وضوابط کے مطابق کامیابی سے مکمل کر لیا گیا ہے۔

ریگولیٹری سینڈ باکس کے پہلے مرحلہ میں چھ سٹارٹ اپس کو جدید کاروباری آئیڈیاز اور سلوشنز کو تجرباتی طور پر متعارف کرنے کے لئے منتخب کیا گیا تھا، تاہم انہیں ایس ای سی پی کی زیر نگرانی متعین ریگولیٹری شرائط وضوابط کا پابند رہنا تھا۔ تجرباتی مرحلے میں ان کمپنیوں کو یہ جانچ کرنا تھی کی آیا وہ ان نئے کاروباری آئیڈیاز کو موجودہ ریگولیشنز میں کامیاب سے چلا سکیں گے یا اگر ریگولیٹری فریم ورک میں تبدیلیاں لانا ہوں گی تو وہ کس قسم کی ہوں گی یا ان نئے کاروباری اشکال کے لئے نئے فریم ورک تشکیل دینے کی ضرورت ہو گی۔

پہلے مرحلے میں شامل سٹارٹ اپس میں ڈیجیٹل پیر ٹو پیر (P2P)، لینڈ نگ پلیٹ فارم، میوچل فنڈ ڈیجیٹل ڈسٹری بیوشن اینڈ روبواڈوائزری، ڈیجیٹل کراؤڈ فنڈنگ پلیٹ فارم، ڈیجیٹل انشورنس بروکریج اور ڈیجیٹل جنرل تکافل پرووائیڈر کی خدمات فراہم کرنے والی کمپنیاں شامل کی گئیں۔ سینڈ باکس کے تجرباتی مرحلے میں یہ سٹارٹ اپز تسلسل سے ایس ای سی پی کے ساتھ رابطے میں رہے۔

سینڈ باکس میں شامل پیر ٹو پیر (P2P) قرضے فراہمی کے پلیٹ فارم کو خاطر خواہ پزیرائی حاصل ہوئی جس کے نتیجے میں ایس ای سی پی نے نان بینکنگ فنانشل انسٹی ٹیوشنز کے ریگولیٹری فریم ورک میں ترامیم کا عمل شروع کر دیا ہے جن کے مطابق این بی ایف سی کا لائسنس رکھنے والی کمپنیاں، ایس ای سی پی سے منظوری اور شرائط وضوابط کے تحت P2P قرض فراہمی کا ڈیجیٹل پلیٹ فارم شروع کر سکیں گی۔

اسی طرح، سینڈ باکس میں میوچل فنڈ ڈیجیٹل ڈسٹری بیوشن اور روبوایڈوائزری کے کامیاب تجربے کے بعد ایس ای سی پی نے موجودہ ریگولیٹری فریم ورک میں ہی ترامیم کر کے ان نئے شعبوں کو متعارف کروانے کے لیے اور فن ٹیک کی حوصلہ افزائی کے لئے گائیڈ لائنش جاری کر دی ہیں۔ علاوہ ازیں، سینڈ باکس میں شامل جنرل تکافل پرووایئڈر اور ڈیجیٹل تکافل کے بھی مثبت نتائج ظاہر ہوئے اور کمیشن نے ڈیجیٹل انشورنس اور مائیکرو انشورنس کو متعارف کروانے کے لئے قوائد وضوابط میں ترامیم تجویز کر دی ہیں جو کہ اس وقت شراکت داروں سے مشاورت کے مرحلے میں ہے۔

یہاں وضاحت کرنا ضروری ہے کہ کسی بھی پراڈکٹ اور بزنس سلوشن کا سینڈ باکس کے تجرباتی مرحلے میں شامل ہونے کا قطعاً یہ مطلب نہیں کہ اس پراڈکٹ یا کاروباری سلوشن کو انضباتی منظوری حاصل ہے، تاآنکہ کہ ایس ای سی پی اس کمپنی کو واضح منظوری اور لائسنس جاری کر دے۔

مزید ازاں، ریگولیٹری سینڈ بکس کے دوسرے مرحلے میں شامل سٹارٹ اپز، چھ سے نو ماہ پر مشتمل تجرباتی مرحلے میں داخل ہو چکے ہیں جبکہ ریگولیٹری سینڈ بکس کے تیسرے مرحلے کے لئے درخواستوں کی وصولی کا آغاز جلد کیا جائے گا۔